سوال

میں چوبیس سالہ امریکی مسلمان لڑکی ہوں، اور تقریبا آٹھ برس سے اسلام میں داخل ہوئی ہوں، میں ان سابقہ برسوں میں یہ سچی کوشش اور تمنا کرتی رہی ہوں کہ ایک مسلمان بیوی اور ماں بن سکوں، لیکن میرے خوابوں کی تعبیر نہیں مل سکی اس لیے کہ میں ایک بہت ہی چھوٹی سی مسلمان کمیونٹی میں رہائش پذیر ہوں (۔ ۔ ۔ ۔ ۔) ۔ پچھلے ماہ میں نے اپنی ذاتی معلومات ایک بڑی اسلامی کمیونٹی کے اسلامک سینٹر میں بھیجیں تاکہ مجھے کسی اسلامی مدرسے میں ملازمت مل جائے، تو ریاست فلوریڈا میں ایک اسلامک سینٹر کے امام نے ریکارڈ پر کئی ایک پیغام چھوڑے، پھر کچھ دنوں بعد اسی مسجد سے ایک شخص نے مجھ سے رابطہ کیا اور کہنے لگا کہ وہ اصل میں سعودی ہے میری عمر تیس برس سے زائد ہے اور دس برس سے امریکہ میں رہائش پذیر ہے اور شادی کرنے کے لیے عورت کی تلاش میں ہے ۔ اور اس نے یہ بھی کہا کہ اس کی ذاتی معلومات دیکھنے کے بعد میرے ساتھ شادی کی رغبت پیدا ہوئی ہے (امام نے اسے میری معلومات کا کاغذ دیا کیونکہ اسے پتہ چلا تھا کہ وہ شادی کے لیے عورت کی تلاش میں ہے اور میں کالج میں اسلامک سٹڈی کی طالبہ ہوں) ۔ میں اپنی والدہ کے ساتھ رہائش پذیر ہوں جو کہ خود بھی مسلمان ہیں لیکن میرا کوئی قریبی مسلمان نہیں، اور نہ ہی میں ریاست فلوریڈا کے کسی مسلمان کو جانتی ہوں، وہ شخص مستقل میرے ساتھ رابطہ میں رہا والدہ کی موجودگی میں میرے ساتھ بات چیت کرتا رہتا ہے اور اس نے میری والدہ سے بھی بات کی کہ وہ شادی پر رضامند ہوجائیں ۔ اور اللہ تعالی کی مشیئت سے مجھے بھی شادی کی بہت خواہش ہے لیکن مجھے ایک پریشانی اور قلق ہے اور میں کمزوری محسوس کرتی ہوں اس لیے کہ میرا کوئی بھی قریبی نہیں جو اس شخص کے بارہ میں معلومات اکٹھی کرے اور باز پرس کرسکے ۔ مجھے بہت سارے یہ قصے سن کر بہت دکھ ہوا ہے کہ لوگ امریکہ میں آتے اور لڑکیوں کو کچھ سالوں تک سبز باغ دکھاتے ہیں یا پھر کئی دوسرے غلط قسم کے معاملات میں پڑجاتے ہیں مجھے اس لحاظ سے پریشانی لگی ہوئی ہے کہ کہیں یہ شخص بھی ؟ مذکورہ شخص نے اسلام اور دعوت و تبلیغ کے بارہ میں بہت ہی محبت کا دعوی کیا ہے، اور کہتا ہے کہ مجھے بہت ہی خوشی ہے کہ آپ کی والدہ بھی مسلمان ہے اور وہ یہ چاہتا ہے کہ اگر ہماری شادی ہوجائے تو وہ آپ کی والدہ پر بھی خرچ کرے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ ہم سعودیہ میں جا کر رہائش پذیر ہوجائیں ۔ لیکن میں خوف زدہ ہوں کیونکہ اس نے یہ بھی کہا کہ اس نے اکثر اوقات داڑھی رکھی ہے اور منڈاتا بھی رہا ہے، مجھے اس معاملہ نے بہت ہی پریشان کیا ہے کیونکہ مجھے سنت میں داڑھی بڑھانے کی اہمیت کا علم ہے، لیکن شادی میں میرا سب سے اہم معاملہ یہ ہے کہ مجھے اس کے اعتقاد اور اسلامی تعلیمات کی تطبیق کے بارہ میں کوئی علم نہیں ۔ میں نے اسلامی شادی کے بارہ میں ایک کتاب پڑھی جس میں یہ تھا کہ یہ بہت ہی مشکل اور مستحیل ہے کہ کوئی شخص اپنا شریک حیات ایسا حاصل کرلے جس میں پوری شروط پائی جائیں، لیکن شریک حیات میں دین دیکھنا چاہیے کہ وہ دین پر کتنا عمل پیرا ہے، تو میرے لیے یہ کیسے ممکن ہے کہ میں اس شخص کے بارہ میں معلوم کروں کہ دین پر کتنا عمل پیرا اور صالح ہے کہ نہیں ؟ مجھے یہ کیسے علم ہوگا کہ مذکورہ شخص اسلام کے بارہ میں کتنا سچا ہے ؟ مجھے اس شخص میں کونسی چیزیں دیکھنی چاہییں ؟ مجھے آپ کے تعاون کی ضرورت ہے ۔ میں نے سوال ارسال کردیا تھا اور اب اس میں کچھ اضافہ کرنا چاہتی ہوں وہ یہ کہ : مجھ سے شادی چاہنے والا شخص روزانہ رابطہ کرتا ہے اور بعض اوقات تو دن میں دو بار رابطہ کرتا ہے، اور یہ بھی ہے اس نے قطعی طور پر ابھی تک مجھے شخصی طور پر نہیں دیکھا اور نہ ہی تصویر ہی دیکھی ہے، لیکن اس کے باوجود وہ میرے ساتھ شادی کرنے پر مصر ہے ۔

جواب

الحمد للہ

اس شخص نے آپ کے ساتھ جو اسلوب اختیار کیا ہے وہ غلط ہے اور خاص کر روزانہ آپ سے رابطہ کرتا ہے، آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ اس سے ممانعت اختیار کریں، اور اپنی والدہ کو کہیں کہ وہ مذکورہ شخص کو رابطہ کرنے سے منع کردے ۔

اور اگر وہ آپ سے واقعی شادی کرنا چاہتا اور قریب ہونا چاہتا ہے تو اس کے لیے شرعی راستہ اختیار کرتے ہوئے آپ کے ولی کو آپ سے شادی کرنے کا پیغام دے اور منگنی کرے، اور اگر آپ کا کوئی مسلمان ولی نہیں تو پھر مسلمان ملک میں حکمران ولی بنے گا، اور اگر ان کا حکمران بھی نہیں تو پھر ولایت مسلمانوں میں ہوگی ۔

یعنی مسلمانوں میں ان لوگوں کے اندر ولایت منتقل ہوگی جن کی بات تسلیم کی جاتی ہے مثلا جہاں آپ رہائش پذیر ہیں وہاں کے اسلامک سینٹر کا چئر میں یا مسجد کا خطیب اور امام وغیرہ ، اور یہ بھی ضروری ہے کہ اس کے بارہ میں یہ معلوم کیا جائے کہ آیا اس میں صالح اور مسلمان خاوند کی صلاحیت بھی ہے کہ نہیں ۔

خاوند میں کونسی چیزیں اور صفات ہونی چاہییں جن کا دیکھنا اور تلاش کرنا ضروری ہے اس کے بارہ میں آپ سوال نمبر (5202) کے جواب میں تفصیل حاصل کر سکتی ہیں ، اور آپ کے لیے یہ بھی ممکن ہے کہ آپ سوال نمبر (389) اور سوال نمبر (2127) کے جوابات کا بھی مطالعہ کریں ،تا کہ آپ کو مسلمان عورت کے ولی کی شروط کا بھی علم ہوسکے ۔

ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ آپ کو صالح اور نیک خاوند حاصل کرنے میں آسانی پیدا فرمائے جو کہ آپ کے لیے اللہ تعالی کی اطاعت و فرمانبرداری کرنے میں معاونت کرے ۔ آمین ۔

واللہ اعلم

اسلام سوال و جواب

21973